Member APNS
کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا روزنامہ
Daily Gwadar Business Quetta
روزنامہ
ABC Certified
گوادر بزنس
کوئٹہ
ایڈیٹر: ریاض احمد
جلد 22 | جمعہ 16 اکتوبر 2026ء | 4 جمادی الاول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 95
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

سرکاری وسائل کا مؤثر استعمال اور اداروں کی استعداد کار میں اضافہ بہتر حکمرانی کیلئے ناگزیر ہے

میر سرفراز بگٹی

محکموں کے درمیان رابطہ کاری کو بہتر بنانے اور فرائض کی انجام دہی میں غیر ضروری رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے مؤثر اقدامات ضروری ہیں

محکموں کی تنظیم نو اور اصلاحات کے عمل میں عملی ضروریات، انتظامی کارکردگی اور عوامی مفاد کو بنیادی اہمیت دی جائے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لینے اور اصلاحات پر مبنی تجاویز مرتب کرنے کے لیے جائزہ اجلاس دوسرے روز بھی جاری رہا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے مزید محکموں کی کارکردگی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کی پارلیمنٹ میں اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی سے ملاقات

وزیراعظم کے ایوان سے جانے کے بعد خواجہ آصف کا اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی نشست پر جا کر ان سے ملاقات کی اور کچھ دیر تک (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

خلیج عمان میں ایران سے وابستہ کشتی تباہ کی، امریکی فوج

واشنگٹن (این این آئی) امریکی فوج نے کہا ہے کہ 6 اکتوبر کو خلیج عمان میں ایران سے وابستہ ایک کشتی تباہ کی۔ امریکی فوج کے مطابق (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی و گورنر راج پشاور ہائیکورٹ میں چیلنج کرنے کا اعلان

یہ صوبے یا پی ٹی آئی کا نہیں وفاق کا معاملہ ہے، وقت ثابت کرے گا یہ غلط فیصلہ تھا، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج پشاور ہائی کورٹ میں چیلنج کرنے کا اعلان کردیا۔ تحریک تحفظ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس گورنر راج ایمرجنسی کی توثیق کی تحریک کثرت رائے سے منظور

غیر مشروط مذاکرات کیلئے تیار ہیں، جن حالات میں ملک پھنس گیا ہے، خدا کو حاضر و ناظر جان کر کہتا ہوں یہ ہماری اندرونی خامیوں کا نتیجہ ہے، محمود اچکزئی

عوام کے منتخب نمائندے کو اقتدار سے محروم کرنا آئین کی سنگین خلاف ورزی ہے، سسٹم اسی وجہ سے منہدم ہوا، ہر بیماری کی جڑ اور ماں 8 فروری کے انتخابات ہیں، علامہ راجہ ناصر عباس

پی ٹی آئی کے رویئے میں تبدیلی لانے سے گورنر راج واپس بھی ہوسکتا ہے، اگر ایک چیف منسٹر سرکاری اخراجات پر آ کر ملک بند کرنا چاہئے تو پھر ساتھ نہیں دیا جاسکتا، راجہ پرویز اشرف، محسن نقوی

لانگ مارچ سے کون ڈرتا ہے کتنے آئے اور گئے، دوسرے ملک سے ڈکٹیشن آرہی تھی، ایک صوبے کی اپنی خارجہ پالیسی نہیں ہوسکتی، سینیٹر شیری رحمٰن

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کی تحریک کثرت رائے سے منظور کرلی۔ جمعرات کو پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت شروع ہوا، چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی، حکومتی و اپوزیشن اراکین کی بڑی تعداد اجلاس میں شریک ہوئی۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج سے متعلق کاغذات مشترکہ اجلاس کے سامنے پیش کیے گئے، صدر مملکت کی جانب سے (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

الیکشن کا انچارج رات ڈھائی بجے تحفہ لیکر میرے گھر آیا محمود اچکزئی کا انکشاف

میں پشین کی ایک سیٹ سے مولانا کے امیدوار کے حق میں دستبردار ہوا اور مولانا کے امیدوار کو ہمارے 30 ہزار ووٹ پڑے جبکہ میری چار سیٹیں چھین لیں

محسن نقوی کو بھی کسی شریف آدمی نے کہا ہوگا کہ میں 47 پر جیتا ہوں، قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے عام انتخابات میں امیدواروں سے پیسے لیے جانے کا الزام عائد کرتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ جمعیت علمائے اسلام کے ایک امیدوار سے کروڑوں روپے لیے گئے جبکہ ان کے پاس الیکشن (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

معاشی صورتحال میں بہتری کیساتھ ترسیلات زر میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، خرم شہزاد

لاہور (این این آئی) مشیر خزانہ خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کی معاشی صورتحال میں بہتری کے ساتھ ترسیلات زر میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، ستمبر 2026 میں ترسیلات زر 3.6 بلین ڈالر ریکارڈ کی گئیں، جو (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

محسن نقوی اور بلاول بھٹو کی ملاقات، سیاسی حکمتِ عملی پر تبادلہ خیال

وزیر داخلہ نے خیبر پختونخوا کی سیکیورٹی صورتِ حال سے بلاول بھٹو زرداری کو آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو اور وزیرِ داخلہ محسن نقوی کے درمیان ون ٹو ون ملاقات ہوئی جس میں گورنر راج کے بعد کی سیاسی حکمتِ عملی پر تبادلہ (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: پی پی پی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار مصافحہ کررہے ہیں

غذائی تحفظ کیلئے قومی، علاقائی اور عالمی سطح پر مشترکہ کاوشوں کی ضرورت ہے، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے غذائی تحفظ کیلئے قومی، علاقائی اور عالمی سطح پر مشترکہ کاوشوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومتوں، (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ جاتی اصلاحات و کارکردگی جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ایکسٹینشن کیس: سپریم کورٹ کا 3 رکنی بینچ تحلیل، نیا بینچ تشکیل

سپریم کورٹ آف پاکستان نے ایکسٹینشن کیس کی سماعت کرنے والا 3 رکنی بینچ تحلیل کردیا، نیا بینچ تشکیل دیدیا گیا، جسٹس عقیل احمد عباسی، جسٹس شاہد وحید اور جسٹس عامر فاروق پر مشتمل نیا بینچ (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

پشاور سکول کی چھت گرنے سے 34 بچوں سمیت 35 افراد جاں بحق، متعدد زخمی سکول مالک گرفتار

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا اسکول کی چھت گرنے کے واقعہ پر دکھ اور افسوس کا اظہار، رپورٹ طلب کرلی

صدر زرداری، وزیراعظم کی متعلقہ حکام کو زخمیوں کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کرنے اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن امداد پہنچانے کی ہدایت

پشاور / اسلام آباد (این این آئی) صوبائی دارالحکومت پشاور کے علاقے دیر کالونی میں 3 منزلہ نجی اسکول کی چھت گرنے سے 34 بچے اور ایک خاتون ٹیچر جاں بحق (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کا ترک اور مصری وزراء خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ

تمام مسائل کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری کو واحد راستہ قرار دینے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ترکیہ کے وزیر خارجہ حاقان فیدان سے ٹیلیفون پر گفتگو کی جس دوران علاقائی اور باہمی دلچسپی (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

پشاور نجی اسکول میں چھت گرنے کے واقعے میں جاں بحق ہونیوالے بچوں کی میتوں کے پاس لواحقین افسردہ کھڑے ہیں

خیبر پختونخوا میں آئین کے مطابق گورنر راج اور ایمرجنسی لگائی گئی

اسحاق ڈار

جو لوگ کہہ رہے غیر آئینی کام ہوا عرض ہے کہ یہ بالکل آئین کے مطابق اقدام اٹھایا گیا، دہشتگردی کے خلاف پاکستان نے بڑی بھاری قیمت ادا کی

کابینہ میں کہا ہمیں یہ کرنا پڑے گا، ابھی نہیں تو کبھی نہیں، ساری زندگی آئین پر عمل کیا ہمیں جمہوریت کا بھاشن نہ دیں، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں آئین کے مطابق گورنر راج اور ایمرجنسی لگائی گئی، جو لوگ کہہ رہے غیر آئینی کام ہوا عرض ہے کہ یہ بالکل آئین کے مطابق اقدام اٹھایا گیا، دہشتگردی کے خلاف پاکستان نے بڑی بھاری قیمت ادا کی، ابھی تک ادا کررہے ہیں، کابینہ میں کہا ہمیں یہ کرنا پڑے گا، ابھی نہیں تو کبھی نہیں، ساری (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

پاکستان امداد سے تجارت اور سرمایہ کاری کی جانب منتقل ہو رہا ہے

وزیر خزانہ

پاکستان مہنگے قرضوں کے بجائے کم لاگت مالی وسائل کے حصول کے لیے مالی معاونت میں تنوع لا رہا ہے، وزیر خزانہ

جاری مالی سال کے دوران ترسیلات زر کا حجم 44 ارب ڈالر تک پہنچنے کا امکان ہے، سینیٹر اورنگزیب کا خطاب

بینکاک (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان امداد پر انحصار سے تجارت اور سرمایہ کاری کی جانب منتقل ہو رہا ہے اور خلیجی ممالک، امریکا، چین اور دیگر دیرینہ شراکت داروں کے ساتھ اقتصادی تعلقات مزید مضبوط بنانے پر توجہ دے رہا ہے (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں سی پیک کے مغربی روٹ پر 310 ارب روپے کے بڑے منصوبے جاری

سی پیک کے تحت بلوچستان میں مغربی روٹ کی شاہراہوں کے 718 کلومیٹر طویل منصوبوں پر پیشرفت جاری

سیمہ اور خضدار کے اہم روٹ کے لیے مختص فنڈز کا 94 فیصد حصہ ترقیاتی کاموں پر خرچ ہو چکا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی تقدیر بدلنے کے لیے سی پیک کے مغربی روٹ پر 310 ارب روپے کے بڑے منصوبوں پر کام جاری ہے۔ جاری رپورٹ کے مطابق سی پیک (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کا گورنر خیبر پختونخوا سے ٹیلی فونک رابطہ، سکول سانحہ پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ٹیلیفونک رابطہ کرکے پشاور میں سکول کی چھت گرنے کے واقعے میں قیمتی جانوں کے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

خانہ کعبہ پر باران رحمت، بارش میں عبادت، طواف کے روح پرور مناظر

مکہ مکرمہ (این این آئی) مکہ مکرمہ میں موسلا دھار بارش کے دوران ایمان افروز مناظر نے دلوں کو چھو لیا خانہ کعبہ کے گرد بارش (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

بلاول بھٹو زرداری سے فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی کی چیئرپرسن فاطمہ مجید کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اسمبلی اجلاس کے موقع پر اپوزیشن اراکین سے گفتگو کررہے ہیں

بلوچستان فورسز کی کارروائیاں 7 دہشتگرد ہلاک

سیکیورٹی فورسز نے غیر قانونی طور پر ایران اور یورپ جانے کی کوشش کرنے والے 104 غیر قانونی افغان شہریوں کو گرفتار کرلیا

بھارتی سرپرستی میں سرگرم پانچ دہشت گردوں کی ہلاکت دہشت گردی کے خلاف جاری کوششوں میں اہم پیش رفت ہے۔ وزیراعلیٰ

کوئٹہ / اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان اور انسانی اسمگلرز کیخلاف کارروائیوں کے نتیجے میں ضلع مستونگ (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع واشک میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بروقت اور مؤثر کارروائی کے دوران (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

پولیو کے مکمل خاتمے تک یہ جدوجہد پوری قوت کے ساتھ جاری رہے گی، وزیراعلیٰ

بلوچستان میں پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، میر سرفراز بگٹی

23 ماحولیاتی نمونوں کا منفی آنا گزشتہ تین سال کی مسلسل جدوجہد کا نتیجہ ہے، بخت کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں پولیو وائرس کی موجودگی جانچنے کے لیے لیے گئے تمام 23 ماحولیاتی نمونوں (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

مراد سعید افغانستان سے خیبر پختونخوا حکومت چلا رہے ہیں، رانا ثناء اللہ

بانی پی ٹی آئی عمران خان، سہیل آفریدی کو پہلے سے جانتے بھی نہیں تھے، ان کی کامیابی میں بھی مراد سعید کا کردار ہے

مذاکرات ناکام بنانے میں سہیل آفریدی اور ان کے پیچھے موجود مراد سعید کا بنیادی کردار رہا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے الزام عائد کیا ہے کہ پی ٹی آئی رہنما مراد سعید افغانستان میں موجود ہیں اور وہیں سے خیبر پختونخوا حکومت کے معاملات چلا رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان، سہیل آفریدی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

وفاقی آئینی عدالت نے سہیل آفریدی کی نااہلی سے متعلق درخواست غیر مؤثر ہونے پر نمٹادی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے سہیل آفریدی کی نااہلی سے متعلق درخواست غیر مؤثر ہونے پر نمٹا دی۔ جمعرات کو دوران سماعت چیف جسٹس امین الدین (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

گورنر جعفر خان مندوخیل جنرل موسیٰ پوسٹ گریجویٹ کالج کوئٹہ کے پہلے کانووکیشن کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا، طارق فضل چوہدری

یہ معاملہ کسی کی فتح یا شکست کا نہیں بلکہ دہشت گردی کے خاتمے اور عوام کی جانوں کے تحفظ کا ہے

صوبے میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ صوبے میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا، خیبر پختونخوا (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

بینکاک، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب آئی ایم ایف کی منیجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا سے ملاقات کررہے ہیں

پشاور سکول حادثہ انتہائی افسوسناک، پوری قوم غمگین ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے پشاور (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

اپوزیشن ارکان کے پروڈکشن آرڈرز جاری کئے، ایوان کو قواعد کے مطابق چلانا اور کارروائی میں نظم و ضبط برقرار رکھنا میری ذمہ داری ہے، ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے کہا ہے کہ انہوں (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

کھوکھلے مذاکرات اور دعوں سے کچھ نہیں ہوتا، بیرسٹر گوہر

پوری بیوروکریسی کو تبدیل کردیا، اب ایک پوری سیاسی جماعت کو ختم کرنے کے لیے پیچھے لگے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے بلاول بھٹو کی مذاکرات کی دعوت پر جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ کھوکھلے مذاکرات اور دعوں سے کچھ نہیں ہوتا (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

اسرائیلی فوج نے مقبوضہ مغربی کنارے سے 11 فلسطینیوں کو گرفتار کرلیا

غزہ (این این آئی) اسرائیلی فوج نے علی الصبح مقبوضہ مغربی کنارے میں چھاپوں کے دوران سابق قیدیوں اور ایک (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)



ایران کا مطالبات تسلیم ہونے تک امریکا کیخلاف جنگ جاری رکھنے کا اعلان

میں نے خود سے مزید ایرانی رہنماؤں کو نشانہ نہ بنانے کا وعدہ کیا ہے، ٹرمپ

تہران جوہری ہتھیار حاصل کرکے 24 گھنٹوں کے اندر اندر اسے استعمال کرتے ہوئے یورپ، اسرائیل اور امریکا کے مغربی ساحل کو بھی نشانہ بنا سکتا تھا، امریکی صدر

امریکی دباؤ کے نتائج سے متعلق بیسنٹ کی پیش گوئیوں نے وقت کے تصور کی بے معنویت کو ظاہر کردیا ہے، قالیباف

تہران (این این آئی) ایران نے اپنے مطالبات تسلیم ہونے تک امریکا کے خلاف لڑائی جاری رکھنے کا اعلان کردیا۔ ایران کی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف کا کہنا ہے کہ تہران امریکا کے ساتھ لامتناہی جنگ نہیں چاہتا اور نہ ہی طویل مذاکرات، تاہم وہ اپنے مطالبات تسلیم کرائے (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

پشاور سکول سانحہ، لواحقین کیلئے 10، 10 لاکھ روپے کا اعلان

گزشتہ حکومت کی غفلت سے سکولوں کا آڈٹ نہیں ہوا، کوتاہی کسی کی بھی ہوئی سزا ملے گی، گورنر

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پشاور کے علاقے دیر کالونی کے سکول میں پیش آنے والے سانحہ میں شہید بچوں کے لواحقین کیلئے 10، 10 لاکھ روپے اور زخمیوں کیلئے دو لاکھ روپے دینے کا اعلان کر دیا۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی تعداد 68 لاکھ سے تجاوز کرگئی

کراچی (این این آئی) ملک بھر میں انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی تعداد 68 لاکھ 15 ہزار سے تجاوز کرگئی، جبکہ (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

کچھی، سیکورٹی فورسز اور مسلح افراد کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ، حملہ آور ہلاک، تین زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی سیکیورٹی فورسز پر مسلح افراد کا حملہ شدید فائرنگ جبکہ جوابی فائرنگ سے ایک حملہ آور ہلاک (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اسمبلی اجلاس کے موقع پر راجہ پرویز اشرف سے مصافحہ کررہے ہیں

یوکرینی صدر کا ٹرمپ پر دھوکا دہی کا الزام، روسی تیل کی تنصیبات پر دوبارہ حملے کا اعلان

یوکرین کو روسی بیلسٹک میزائلز سے متعلق امریکی پیشگی انتباہی معلومات فراہم نہیں کی گئیں، زیلنسکی

کیف (این این آئی) یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی نے روسی تیل صاف کرنے والی تنصیبات اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر دوبارہ حملے شروع کرنے کا اعلان کرتے (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

حکومکالو مینجمنٹ کے ذریعے رائفن کو 3 روپے 44 پیسے فی یونٹ اضافی بوجھ بچانے کا دعویٰ

صارفین کو بھاری فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے ممکنہ بوجھ سے بچانے کے لیے دو سے اڑھائی گھنٹے کی محدود لوڈ مینجمنٹ کی گئی، پاور ڈویژن

ستمبر کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ اگست کے مقابلے اب صرف ایک روپے 45 پیسے فی یونٹ زائد رہنے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) پاور ڈویژن نے دعویٰ کیا ہے کہ مؤثر اقدامات کے ذریعے ستمبر کی متوقع فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کو 5 سے 6 روپے فی یونٹ سے کم کرکے صرف 2 روپے 56 پیسے فی یونٹ تک محدود کر دیا ہے جس سے صارفین کو 3 روپے 44 پیسے فی یونٹ کے (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

شنگھائی سرمایہ کاری کانفرنس میں 34 مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

10 حکومتی سطح پر، 24 کاروباری اداروں کے درمیان معاہدے

چینی سرمایہ کاری سے سندھ میں صنعتی ترقی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، شرجیل میمن

شنگھائی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ حکومت سندھ کے زیر اہتمام شنگھائی میں منعقدہ سرمایہ کاری کانفرنس کے دوران پاکستان اور چین (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 100 روپے مہنگا ہوگیا

20 کلو آٹے کا تھیلا 3 ہزار/200 روپے سے بڑھ کر 3 ہزار/300 روپے کا ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں 100 روپے کا اضافہ ہو گیا۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق بلوچستان کے دارالحکومت میں 20 (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

کمشنر رخشان ڈویژن ڈرائیور سمیت اغوا

مسلح افراد نے تینوں افراد کو یرغمال بنایا، کیشیئر حاجی قاسم کو چھوڑ دیا

خاران + کوئٹہ (این این آئی + نامہ نگار) بلوچستان کے ضلع خاران کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے کمشنر رخشان ڈویژن اسداللہ کاکڑ کو ڈرائیور سمیت اغوا کرلیا ہے۔ یہ واقعہ نوشکی خاران (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

چاغی، نامعلوم مسلح افراد کا تھانے پر حملہ، دھماکا خیز مواد سے عمارت تباہ

حملے کے دوران یک مچ بازار میں نصب متعدد سیکیورٹی کیمروں کو بھی فائرنگ کرکے تباہ کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع چاغی کے دورافتادہ علاقے یک مچ میں نامعلوم مسلح افراد نے آج صبح تھانہ یک مچ پر حملہ کرکے بھاری دھماکا خیز مواد سے تھانے کی عمارت مکمل طور پر تباہ کردی۔ تھانہ یک مچ کے ایس ایچ او کے مطابق آج صبح تقریباً ساڑھے چار (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

شمالی کوریا کا آبدوز سے داغے جانے والے سٹریٹجک کروز میزائلوں کا تجربہ

پیانگ یانگ (این این آئی) شمالی کوریا نے اپنی مشرقی سمندری حدود میں آبدوز سے داغے جانے والے دو اقسام کے سٹریٹجک (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

گلگت بلتستان کو بھی ملک کے دیگر صوبوں کی طرح تمام حقوق اور ترقیاتی مواقع ملنے چاہئیں، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے سیکرٹری خارجہ امور عاصم افتخار ملاقات کررہے ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

وزیراعظم کی ٹیکس نیٹ میں توسیع کی ہدایت

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ٹیکس نیٹ کو موثر بنانے، ٹیکس چوری کی روک تھام اور پیداواری شعبے میں سیلز ٹیکس کی وصولی یقینی بنانے کے لیے نگرانی کا جدید نظام رواں سال 31 دسمبر تک مکمل طور پر فعال کرنے کی ہدایت کردی۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ صارفین سے ٹیکس وصول کرکے اپنی جیب میں ڈالنے والے کاروبار کسی رعایت کے مستحق نہیں، ٹیکس کی مکمل استعداد کے مطابق وصولی یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ وزیراعظم کی زیرصدارت فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی اصلاحات پر جائزہ اجلاس ہوا جس میں پیداواری شعبوں میں ٹیکس وصولی اور پیداوار کی نگرانی کے جدید نظام پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ حکومت کی طرف سے ٹیکس وصولی کا جو ہدف مقرر کیا جاتا ہے وہ خال خال ہی حاصل ہو پاتا ہے۔ اسی لیے ہر حکومت ٹیکس نیٹ میں توسیع کی بات کرتی ہے۔ بلاشبہ ٹیکس نیٹ میں توسیع سے حکومتی آمدنی میں نمایاں اضافہ ہوسکتا ہے لیکن سوال یہ ہے کہ پہلے سے موجود ٹیکس نظام میں پائی جانے والی خامیوں اور بدعنوانیوں کو دور کرنے کے لیے کیا اقدامات کیے جارہے ہیں؟ حقیقت یہ ہے کہ ٹیکس وصولی کے مقررہ اہداف حاصل کرنا اتنا مشکل نہیں جتنا اسے بنا دیا گیا ہے۔ اگر محکمے میں موجود بدعنوان عناصر کا موثر محاسبہ کیا جائے، ٹیکس چوری کے راستے بند کیے جائیں اور وصول شدہ ٹیکس کی ایک ایک پائی قومی خزانے میں جمع کرائی جائے تو نہ صرف مقررہ ہدف حاصل ہوسکتا ہے بلکہ وصولیوں میں کہیں زیادہ اضافہ بھی ممکن ہے۔ وزیراعظم نے خود واضح کردیا ہے کہ صارفین سے ٹیکس وصول کرکے اپنی جیبوں میں ڈالنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس اصول کا اطلاق بلاامتیاز کیا جائے اور ٹیکس چوری میں سہولت کاری کرنے والی کالی بھیڑوں کو بھی قانون کی گرفت میں لایا جائے۔ صرف جدید کیمرے نصب کرنے اور نگرانی کے نظام متعارف کرانے سے مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوں گے جب تک اہلکاروں کی دیانت داری اور جوابدہی یقینی نہیں بنائی جاتی۔ اسی طرح، پہلے ہی مہنگائی، بجلی اور پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے پریشان عوام پر مزید ٹیکسوں کا بوجھ ڈالنے کے بجائے بڑے ٹیکس نادہندگان سے وصولی اور بدعنوانی کے خاتمے پر توجہ دی جانی چاہیے۔

سعودیہ میں جو کچھ ہورہا ہے دلچسپ تو ہے ہی، سبق آموز بھی ہے۔ ولی عہد اور تھے محمد بن نائف۔ اور یہ اپنے سے اس عہدے پہ نہیں آئے تھے بلکہ خاندان کا فیصلہ تھا کہ ولی عہد کس کو ہونا چاہیے۔ محمد بن نائف سب سے موزوں قرار پائے اور انہیں اس رتبے پر بٹھایا گیا۔ سالہا سال سے وزیرداخلہ تھے امورِ سلطنت اچھی طرح جانتے تھے۔ واشنگٹن کے بھی پسندیدہ شخص تھے۔ لیکن بادشاہت بدلی تو ولی عہدی کے معاملے پر بھی متبادل خیالات جنم لینے لگے۔

صدر امریکہ تب باراک اوباما تھے۔ اس حملے میں امریکہ کی پوری معاونت تھی۔ سعودیہ نے حملے میں فضائی قوت اور مالی وسائل مہیا کیے اور یواے ای کی طرف سے زمین پر فوجی دستے بھیجے گئے۔ انصاراللہ پر وحشیانہ بمباری کا آغاز ہوا جو کہ عرصہ دراز تک جاری رہی۔ یمن کا فضائی اور سمندری محاصرہ بھی کیا گیا جس میں امریکی بحری وسائل پوری طرح سے استعمال ہوئے۔ بمباری تو حوثی سہتے رہے لیکن محاصرے سے کھانے پینے کی اشیا اور دوائیوں کی آمد بُری طرح متاثر ہوئی۔ یمن جو کہ پہلے ہی بہت غریب تھا اُس کی آفتوں میں اضافہ ہوتا گیا۔ عالمی تخمینوں کے مطابق بندش اور قحط کی وجہ سے تقریباً تین ساڑھے تین لاکھ اموات ہوئیں۔ جب یہ صورتحال پیدا ہورہی تھی تینوں حملہ آور ممالک 'سعودی عرب' یواے ای اور امریکہ کے رویوں میں کوئی نرمی نہیں آئی۔ یمن کے عوام پر یہ تمام مظالم ڈھائے جانے کے باوجود حوثیوں کی فوجی قوت نہیں ٹوٹی۔ نہ اُن کے عزم میں کوئی فرق آیا۔

ایاز امیر

عرصہ سات سال پر محیط فوجی کارروائیوں کے بعد تھکاوٹ کی کچھ ایسی صورت بنی کہ سعودی عرب اور حوثیوں میں 2022ء ؑ میں جنگ بندی کا معاہدہ ہوگیا۔ معاہدے کے باوجود سعودیہ نے فضائی اور سمندری محاصرہ جاری رکھا۔

شہزادہ محمد کی عمر 29 سال تھی جب وہ وزیردفاع بنے۔ عالمی مبصرین کے مطابق یمن پر حملہ ایک طریقے سے ایک کوشش تھی دنیا کو باور کرانے کی کہ وہ بڑی ملٹری سوجھ بوجھ رکھتے ہیں۔ حملہ کرتے وقت سعودیہ اور یواے ای دونوں میں یہ سمجھا جارہا تھا کہ حوثیوں نے کیا مزاحمت کرنی ہے اُن کی شکست یقینی ہے اور جنگ کچھ ہی عرصے میں ختم ہو جائے گی۔ ختم کیا ہونا تھی' سات سال چلتی رہی۔

جب طاقتور پھسلنے لگیں

سعودی عرب کے بے پناہ وسائل جنگ میں صرف ہوئے اور سب کو نظر آرہا تھا کہ سعودی عرب کسی دلدل میں پھنس گیا ہے۔

یہ بالکل ایسے ہی تھا جیسے امریکہ اور اسرائیل نے سمجھا کہ ایران پر ایسا سخت فضائی حملہ ہوگا کہ ایران اُس کی تاب نہ لا سکے گا۔ ایرانی انقلاب پسپا ہو جائے گا اور ایرانی قیادت امن اور رحم کی بھیک مانگ رہی ہوگی۔ جیسا ہم دیکھ رہے ہیں نتیجہ اُلٹا نکلا۔ حملہ 28 فروری کو ہوا اور ایران پر چڑھائی چند ہفتوں کی بات سمجھی جارہی تھی۔ وہ چند ہفتے آج آٹھویں مہینے میں بدل چکے ہیں اور ابھی تک جنگ کے اختتام کا کوئی منظر آنکھوں کے سامنے نہیں۔ ایران کے گھٹنے کیا ٹیکنے تھے امریکہ کو راہِ فرار نہیں مل رہی۔ امریکہ اس جنگ سے نکلے تب ہی جب ایران ہار مانے اور ہاتھ جوڑے۔ ایسا ہونہیں رہا اور جنگ کے اثرات پوری دنیا پر پھیل چکے ہیں۔ لب لباب اس داستان کا یہ نکلا کہ سعودیوں کے اندازے انصاراللہ کے بارے میں غلط ثابت ہوئے اور امریکہ اسرائیل کے اندازے ایران کے بارے میں تباہ کن حد تک غلط ثابت ہوئے۔

امریکہ دنیا کی طاقتور ترین طاقت ہے۔ ویتنام اور عراق جیسے بلنڈر بھی کرے تو نقصان سہہ سکتا ہے۔ ایران پر حملہ حماقت تھی اُس کی قیمت چکا رہا ہے۔ سعودیہ کا المیہ زیادہ خطرناک ہے کیونکہ یہ جو پھر انصاراللہ سے جنگ چھیڑ چکی ہے اس کے شعلے سعودی شہروں تک پہنچ رہے ہیں۔ ریاض ایئرپورٹ کا میزائلوں کی زد میں آنا کوئی معمولی واقعہ نہیں۔ ایئرپورٹ پر دو تین حملے ہو چکے ہیں اور ایک میں تو بھاری جانی نقصان ہوا۔ ایئرپورٹ بند' فلائٹیں معطل ایک بحران کی کیفیت کا پیدا ہونا۔ وہ سارا تصور جو بنا ہوا تھا کہ یہاں بڑا استحکام ہے اور اس میں کوئی خلل نہیں پڑسکتا وہ سب ہوا میں اُڑ گیا۔ جب ایران جنگ کے شروع میں ایرانی ڈرون اور میزائل یواے ای کی طرف چھوڑے گئے تو یواے ای کا دفاعی نظام ایک حد تک موثر ثابت ہوا۔ میزائل اور ڈرون نے تباہی مچائی بھی لیکن بہت سے میزائل اور ڈرون گرائے بھی گئے۔ سعودیہ پر تو انصاراللہ میزائل گرائے جارہا ہے اور لگتا ہے کہ دفاعی نظام اگر ہے بھی تو بہت ناقص قسم کا۔ ریاض ایئرپورٹ کے علاوہ دمام کے ہوائی اڈے پر میزائل اٹیک ہوئے ہیں۔ مشرق مغرب تیل پائپ لائن کئی مقامات سے اُڑا دی گئی ہے۔ پمپنگ سٹیشن حملوں کی زد میں آئے ہیں۔ دنیا کی سب سے بڑی ریفائنری اُس پر میزائل گرے ہیں۔ سعودی عرب کا سارا دارومدار تیل پر ہے اور تیل کی پیداوار اور ترسیل بُری طرح متاثر ہورہی ہے۔

حیرانی کی بات یہ ہے کہ یہ جنگ ناگزیر نہ تھی۔ سعودیہ اور انصاراللہ کے درمیان 2022ء سے جنگ بندی چل رہی تھی۔ سعودیہ کے اولین مفاد میں تھا کہ جنگ بندی قائم رہے' لیکن ایک نسبتاً معمولی واقعہ کی وجہ سے سعودی ایئرفورس نے صنعا ایئرپورٹ کے رن وے پر حملہ کردیا۔ اس بنا پر کہ ایک ایرانی جہاز انصاراللہ کے حکومتی عہدیداروں کو لے کر بغیر سعودی اجازت کے تہران سے صنعا آ رہا ہے۔ سعودی فیصلہ سازوں کو کچھ تو سوچنا چاہیے تھا کہ کیا عوامل داؤ پر لگے ہوئے ہیں۔ ایرانی جہاز کی اڑان سے سعودی اَنا کو کوئی ٹھیس پہنچی بھی تھی تو تحمل سے کام لینا چاہیے تھا۔ لیکن نہ آؤ دیکھا نہ تاؤ اور حملہ کردیا۔ انصاراللہ شاید اسی موقع کے انتظار میں تھے۔ رن وے پر حملہ ہوتا گیا اور اُنہوں نے اپنا زمینی حملہ شروع کردیا۔ سعودیہ کے پاس لڑاکا جہازوں کی کمی نہیں۔ اچھا دوست کوئی ہے تو سمجھانے کی کوشش کرے نہیں تو نقصان بہت زیادہ ہوسکتا ہے۔

جنگ کو پھیلنے سے روکیں

سعودی خواص اور عوام پاکستان کو اپنا سچا اور مخلص ترین دوست ہی نہیں بھائی سمجھتے ہیں۔ ارضِ مقدس میں اپنے طویل قیام کے دوران میرے چشم دید مشاہدات کے مطابق سعودی حکمران اپنے پاکستانی بھائیوں پر بہت زیادہ اعتماد کرتے ہیں۔ پاکستان کا سعودی عرب سے کوئی معاہدہ ہو یا نہ ہو' پاکستان حرمین شریفین کے دفاع کو اہم ذمہ داری سمجھتا ہے۔ تاہم حالات کی پیچیدگی کے مطابق اس وقت سب سے بڑی ضرورت یہ ہے کہ خطے میں جنگ کو پھیلنے سے روکا جائے۔ دو مسلم ملکوں کے مابین کشیدگی کو کم کیا جائے اور ساری کوششیں ارضِ فلسطین میں اسرائیل کی ظالمانہ وسفاکانہ حرکتوں اور حملوں کے خاتمے پر مرکوز کی جائیں۔ آزادیٔ فلسطین کو مطلوب ومقصود قرار دیا جائے۔ سب سے پہلے ایک بنیادی حقیقت سمجھ لینی چاہیے کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے خطے میں امریکی فوجوں اور اس کے بڑی و بحری ٹھکانوں کا مقصد اسرائیل کا دفاع' پیٹرو ڈالر اور علاقے کے عرب مسلم ملکوں کے درمیان باہمی جنگیں چھیڑنے اور انہیں زیادہ سے زیادہ ہوا دینے کی کوششیں کرنا ہے۔ 1970ء سے تیل کی دولت سے مالا مال ممالک نے اپنے دفاع کا تمام تر انحصار امریکہ پر رکھا ہوا تھا۔ اس کیلئے وہ ناقابلِ تصور حد تک امریکہ کو ادائیگیاں کرتے رہے مگر جب اُن

ڈاکٹر حسین احمد پراچہ

کے دفاع کا موقع آیا تو سعودی عرب سمیت خلیجی ریاستوں کو احساس ہوا کہ امریکہ عربوں کیلئے اپنی دفاعی ذمہ داریوں سے دست کش ہو چکا ہے۔ اس وقت معاہدہ مکہ کے تحت پاکستانی فوجیں سعودی عرب کے اندر رہتے ہوئے ارضِ مقدس کا دفاع کر رہی ہیں۔ پہلے جمعرات' پھر جمعہ کو پاکستانی وزارتِ خارجہ نے اعلان کیا کہ مکہ معاہدے کا مقصد سعودی عرب کا دفاع ہے' یمن میں فوجی کارروائیاں نہیں۔ ان بیانات کا یہ مقصد واضح ہے کہ پاکستان کسی دوسرے مسلم ملک کے اندر جا کر کارروائیاں کرنے کے حق میں نہیں ہے۔

یمن اور سعودی عرب کا تنازع آج کا نہیں بہت پرانا ہے۔ سعودی عرب کے جنوب میں واقع عسیر' خمیس مشیط اور نجران کی ملکیت دونوں ملکوں کے درمیان متنازع تھی۔ 1934ء میں اُس وقت کے شاہ عبدالعزیز آل سعود نے ان علاقوں پر قبضہ کیا تھا۔ بعدازاں اسی برس معاہدہ طائف کے تحت یمن نے مذکورہ بالا علاقوں پر سعودی عرب کی ملکیت تسلیم کر لی تھی۔ 1962ء میں یمن میں بادشاہت کا خاتمہ ہوا تو مصر کے اُس وقت کے فوجی صدر جمال عبدالناصر نے نئی حکومت کی معاونت کیلئے 70 ہزار فوجی یمن بھیجے جس پر سعودی عرب اور مصر کے تعلقات کشیدہ ہو گئے کیونکہ سعودی عرب یمنی بادشاہت کی حمایت کر رہا تھا۔ 1990ء میں یمن نے کویت کے معاملے پر سعودی موقف کی حمایت نہ کی تو سعودی عرب نے آٹھ لاکھ یمنیوں کو وہاں سے نکال دیا۔ اس سے پہلے سعودی شاہی خاندان کی سینئر قیادت نے یمنیوں کی تالیفِ قلب کی خاطر انہیں سعودی عرب میں عربوں اور غیر عربوں کے مقابلے میں بہتر ورکنگ حقوق دے رکھے تھے۔ سعودی عرب میں ہر روز کو سرکاری یا غیر سرکاری کفیل کی ضرورت ہوتی ہے مگر یمنی تنور پر روٹیاں لگانے' گاڑیوں کی ورکشاپس اور اسی نوعیت کے چند اور کام بغیر کفیل کے کرنے کے مجاز تھے۔

1979ء میں جہیمان عتیبی کی قیادت میں ایک انتہا پسند مذہبی گروہ نے مسجد الحرام مکہ المکرمہ پر قبضہ کر لیا جو دو ہفتے تک جاری رہا۔ تب ہمارے سعودی بھائیوں کو اندرونِ ملک سعودی عرب کے دفاع کی شدید ضرورت محسوس ہوئی۔ 1982ء میں جنرل محمد ضیا الحق کے زمانے میں سعودی عرب اور پاکستان کے مابین ایک تاریخی نوعیت کا معاہدہ ہوا جسکے مطابق سعودی فوجیوں کی عملی تربیت کے ایک وسیع پروگرام کیلئے پاکستان کے عسکری ماہرین اور فوجی دستے وہاں متعین کیے گئے۔ وزیراعظم میاں نواز شریف نے معاملہ پارلیمنٹ کے سامنے رکھا تو پارلیمنٹ کی متفقہ رائے یہ تھی کہ ہم سعودی عرب کے اندر تو اپنے بھائیوں کا دفاع کریں گے مگر یمن میں فوجیں نہیں بھیجیں گے۔ 1979ء میں ایران میں خمینی صاحب کا انقلاب آیا تو عرب ریاستوں کو امریکہ وغیرہ نے درپردہ ڈرایا کہ اسی طرح تمہاری بادشاہتوں کا بھی خاتمہ ہوسکتا ہے' اسلئے آپکو پیش بندی کرنی چاہیے۔

یہی کمپنی چلے گی!

"اب یہی کمپنی چلے گی' پلان پر عملدرآمد شروع ہو چکا ہے"۔ اقتدار کے بازار میں یہ جملہ سن کر کچھ چہرے کھل اٹھتے ہیں اور کچھ اُتر جاتے ہیں مگر سڑک کنارے بیٹھے شہری کا سوال مختلف ہے کہ اگر یہی کمپنی چلے گی تو میرا گھر بھی چلے گا؟ بچے کو سکول' بیمار کو دوا' نوجوان کو روزگار اور خاندان کو تحفظ ملے گا؟ یہی وہ سوالات ہیں جن کے جواب پر نئے سیٹ اَپ کی حمایت کی بنیاد کھڑی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ عملی نتائج دینے والے سیٹ اَپ کو موقع ملنا چاہیے کیونکہ عوام نے سیاسی دکانوں سے وعدے' دعوے' اعلانات اور بیانات بہت خریدے لیکن سہولتیں نہ مل سکیں۔ اب کمپنی چلانے والوں کا امتحان ہے کہ منصوبہ کاغذ سے نکل کر عام شہری کی دہلیز تک پہنچے۔ خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کی 'گڈ گورننس' کی تصویر ملاحظہ کیجیے۔ تحریک انصاف نے 31 مئی 2013ء کو پہلی حکومت بنائی' اکتوبر 2026ء تک 13 سال 4 ماہ کے دوران نگران ادوار نکال کر تقریباً 12 سال کی حکمرانی بنتی ہے۔ وزیراعظم کہتے ہیں کہ 2010ء سے 2026ء تک' جس میں تحریک انصاف سے پہلے کا دور بھی شامل ہے' انسدادِ دہشت گردی کیلئے 800 ارب روپے دیے گئے۔ وزیردفاع کے بیان کے مطابق دو برس میں دہشتگردی کے 6200 واقعات' 1200 اموات' رواں سال تادمِ تحریر 14 خودکش حملے ہوئے۔ اسی طرح پانچ سے 16 سال عمر کے 49 لاکھ بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ اَپر دلوئر کوہستان میں محرومی کی شرح 79 فیصد۔ پشاور میں پانچ لاکھ سے زیادہ بچے تعلیم سے محروم۔ 28 اضلاع کے 10 ہزار سے زیادہ سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی کمی۔ جون 2025ء کی ہیپاٹائٹس مانیٹرنگ میں 174 ضروری ادویات کی دستیابی 45 فیصد تھی۔ 4 لاکھ 22 ہزار 947 افراد کیلئے ایک ضلعی ہسپتال ہے۔ 2025ء میں پولیو کے 31 کیسز میں 20 کیسز کے پی اور ان میں 17 جنوبی اضلاع سے رپورٹ ہوئے۔ 2026ء میں اب تک چھ میں سے پانچ کیسز کے پی سے رپورٹ ہوئے۔ جون 2026ء کی ترقیاتی سکیموں کی تفصیلات میں 547 ارب کے تخمینے کے مقابلے میں 169 ارب یعنی تقریباً 31 فیصد خرچ ہوا۔ بجٹ 2026-27ء میں 2170 ارب کا حجم' 48 ارب خسارہ' 524 ارب ترقیاتی تخصیص۔ یہ محض اعداد و شمار نہیں بلکہ عوام کی زندگی ہے۔ تحریک انصاف نظام میں تبدیلی لانے میں ناکام رہی۔ کبھی آج تک وہ ولی عہد تو ہیں ہی لیکن بادشاہت کے اصل فرمانروا بھی ہیں۔ شاہ سلمان کی عمر وہ نہیں رہی کہ روزمرہ کے معاملات باریکی سے دیکھ سکیں۔

اوپر بیان کیے گئے واقعہ سے دو سال پہلے جنوری 2015ء میں جب سلمان بن عبدالعزیز سعودیہ کے بادشاہ بنے تو فوراً ہی پرنس محمد کو وزیر دفاع بنایا گیا۔ دو ماہ بعد یعنی مارچ 2015ء میں سعودی عرب اور یواے ای نے یمن میں انصاراللہ جنہیں دنیا حوثی کے نام سے جانتی ہے' پر مشترکہ حملہ کر دیا۔ صدر امریکہ تب باراک اوباما تھے۔ اس حملے میں امریکہ کی پوری معاونت تھی۔ سعودیہ نے حملے میں فضائی قوت اور مالی وسائل مہیا کیے اور یواے ای کی طرف سے زمین پر فوجی دستے بھیجے گئے۔ انصاراللہ پر وحشیانہ بمباری کا آغاز ہوا جو کہ عرصہ دراز تک جاری رہی۔ یمن کا فضائی اور سمندری محاصرہ بھی کیا گیا جس میں امریکی بحری وسائل پوری طرح سے استعمال ہوئے۔ بمباری تو حوثی سہتے رہے لیکن محاصرے سے کھانے پینے کی اشیا اور دوائیوں کی آمد بُری طرح متاثر ہوئی۔ یمن جو کہ پہلے ہی بہت غریب تھا اُس کی آفتوں میں اضافہ ہوتا گیا۔ عالمی تخمینوں کے مطابق بندش اور قحط کی وجہ سے تقریباً تین ساڑھے تین لاکھ اموات ہوئیں۔ جب یہ صورتحال پیدا ہورہی تھی تینوں حملہ آور ممالک 'سعودی عرب' یواے ای اور امریکہ کے رویوں میں کوئی نرمی نہیں آئی۔ یمن کے عوام پر یہ تمام مظالم ڈھائے جانے کے باوجود حوثیوں کی فوجی قوت نہیں ٹوٹی۔ نہ اُن کے عزم میں کوئی فرق آیا۔

محمد حسن رضا

تحریک انصاف نے خود اپنے پاؤں پر کلہاڑی ماری اور صوبائی حکومت سے ہاتھ دھو بیٹھی۔ سہیل آفریدی کی حکمت عملی دیکھ کر کہنا پڑتا ہے کہ شاید جماعت کا سب سے بڑا مخالف اس کا اپنا وزیراعلیٰ تھا۔ محسن نقوی نے مذاکرات اور طے شدہ نکات کے بارے میں حقائق بیان کر دیے کہ کیسے مذاکرات پر آمادہ ہوئے' پھر کیسے اور کیونکر پیچھے ہٹے۔ اگر صوبائی حکومت کام کرتی اور وفاق کیساتھ مل کر چلتی تو آج آنیوالے دنوں میں مزید تیزی دیکھنے کو ملے گی۔ امن وامان کی صورتحال پر کنٹرول کیساتھ ترقیاتی کاموں کا جال' تعلیم' صحت اور دوسرے شعبوں میں تیزی' کم وقت میں زیادہ عملی کام۔ یہی نئے سیٹ اَپ کا ہدف ہے۔ ہمیشہ اسی سسٹم نے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا ہے۔ کے پی میں یہ سسٹم کامیاب ہوا تو دوسرے صوبوں میں اس ماڈل کے آئینی نفاذ کی دلیل مضبوط ہوگی۔ ملک چلانے کے طریقے پر بھی بحث بڑھے گی۔

